**IESCO PRESS RELEASE** **آئیسکو پریس ریلیز**

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## پاور ڈویژن نے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے کے بارے میں اہم وضاحتی بیان جاری کر دیا

ترجمان آئیسکو

28 جنوری 2026ء

وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پی پی ایم سی (PPMC) کی جانب سے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے سے متعلق جاری ہدایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان پر نظرِ ثانی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ پاور ڈویژن کے مطابق کچھ نیٹ میٹرنگ صارفین نے اپنے منظور شدہ لائسنس (CapacityDG) کے تحت اجازت یافتہ صلاحیت سے زائد نیٹ میٹرنگ سسٹمز نصب کر رکھے ہیں۔ گزشتہ ماہ ایسے بعض صارفین کو نیشنل گرڈ کو فروخت کی گئی بجلی کے یونٹس کا کوئی کریڈٹ فراہم نہیں کیا گیا، جو کہ درست طریقہ کار نہیں تھا۔ پاور ڈویژن نے اس حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نظرِ ثانی شدہ ہدایات کے تحت اب صرف وہی یونٹس کریڈٹ نہیں کیے جائیں گے جو منظور شدہ صلاحیت سے زائد ہوں گے، جبکہ منظور شدہ صلاحیت کے مطابق نیشنل گرڈ کو فراہم کی گئی بجلی کے تمام یونٹس کا مکمل کریڈٹ صارفین کو دیا جائے گا۔ اس ضمن میں تمام ڈسکوز کو واضح اور نظرِ ثانی شدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ مزید یہ کہ جن نیٹ میٹرنگ صارفین کے بلوں میں گزشتہ بلنگ سائیکل کے دوران یونٹس کا کریڈٹ شامل نہیں ہو سکا، ان کے لیے متعلقہ ایڈجسٹمنٹ آئندہ بلنگ سائیکل میں کر دی جائے گی۔ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بجلی صارفین کو ان کے جائز حقوق کی فراہمی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس سلسلے میں شفاف اور منصفانہ پالیسی پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔

پریس ریلیز نمبر: 26-01/2026